**PUNJAB PUBLIC SERVICE COMMISSION**

**COMBINED COMPETITIVE EXAMINATION FOR RECRUITMENT TO THE POSTS OF**

# PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICE, ETC - 2016

**SUBJECT:** **ISLAMIC STUDIES (COMPULSORY)**

**TIME ALLOWED:** THREE HOURS 10476 **MAXIMUM MARKS:** 100

**نوٹ: کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات رقم کیجئے البتہ سوال نمبر 7 (حصہ معروضی) لازمی ہے۔ جوابات اردو یا انگریزی میں تحریر کر سکتے ہیں۔**

## (حصہ انشائیہ)

سوال نمبر1: رسول اللہ ﷺ کی مکی اور مدنی زندگی میں سے آپ کے ایک عظیم مصلح (Reformer) اور بے مثال معلم (Educator) ہونے کے کردار کو بیان کیجئے۔ 20 نمبر

سوال نمبر2: عصرِ حاضر میں ایک معاشرے میں امر بالمعروف اور نہی المنکر کی عملی صورتوں کو واضح کیجئے۔ 20 نمبر

سوال نمبر3: مذہبی اقلیتوں کو اسلامی معاشرے میں ایک باعزت اکائی کے طور پر زندگی گزارنے کے لیے اسلام کونسے بنیادی حقوق فراہم کرتا ہے، مدلل بیان کیجئے۔ مزید اسلام میں دیے گئے حقوق نسواں کی بابت بھی بیان کریں۔ 20 نمبر

سوال نمبر4: عالم اسلام کو دورِ جدید میں کن چیلنجوں (challenges) کا سامنا درپیش ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں ان کا عملی حل پیش کیجئے۔ 20 نمبر

سوال نمبر5: اسلام کو ہر دور کے تقاضوں کے مطابق پیش کرنے کے لیے اجتہاد کی ضرورت و اہمیت اور عصری افادیت کو قلمبند کریں۔ 20 نمبر

سوال نمبر6: اسلام کے معاشی، عدالتی اور انتظامی نظام کا ایک جامع خاکہ مع دلائل کے بیان کیجئے۔ 20 نمبر

## (حصہ معروضی)

سوال نمبر7: مندرجہ ذیل میں سے درست جواب منتخب کریں۔ تمام سوالات کا حل کرنا ضروری ہے۔ 20 نمبر

(۱) تاریخ ادیان کا باقاعدہ آغاز کس نبی علیہ السلام سے ہوتا ہے؟

(ا) حضرت نوح علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت یعقوب علیہ السلام

(۲) شعب ابی طالب میں رسول اللہ ﷺ کتنے سال مقیم رہے؟

(ا) 2-1/2 سال (ب) 2 سال (ج) 3-1/2 سال (د) 3 سال

(۳) رسول اللہ ﷺ کو سارے کفار نے مل کر کب پکارا "ھذا الامین، ھذا الامین"؟

(ا) فتح مکہ کے موقع پر (ب) صلح حدیبیہ کے موقع پر (ج) حجر اسود کی تنصیب کے موقع پر (د) حلف الفضول کے موقع پر

(۴) رسول اللہ ﷺ کے دندان مبارک کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

(ا) غزوہ احزاب (ب) غزوہ اُحد (ج) غزوہ خندق (د) غزوہ بدر

(۵) جد الانبیاء کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

(ا) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت یعقوب علیہ السلام

صفحہ پلٹیں

CS CamScanner

(۶) روزے کی فرضیت کا حکم کس سن میں آیا؟

(ا) ۳ نبوی (ب) ۵ نبوی (ج) ۲ ہجری (د) ۳ ہجری

(۷) تحریک آریہ سماج کا بانی کون تھا؟

(ا) دیانندسرسوتی (ب) منوسمرتی (ج) شنکراچاریہ (د) رائے داس

(۸) بدیع الزمان سعید نورسی کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(ا) سعودی عرب (ب) مصر (ج) ترکی (د) سوڈان

(۹) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کس قوم میں ہوئی؟

(ا) قوم عاد (ب) قوم ثمود (ج) بنی اسرائیل (د) عرب

(۱۰) اسرائیل کس پیغمبر کا لقب ہے؟

(ا) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ب) حضرت اسحاق علیہ السلام (ج) حضرت یعقوب علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

(۱۱) جنت کی عورتوں کی سردار کس کو کہا گیا ہے؟

(ا) حضرت خدیجہؓ (ب) حضرت مریمؑ (ج) حضرت عائشہؓ (د) حضرت فاطمہؓ

(۱۲) علم فقہ میں "ارش" سے مراد یہ ہے

(ا) مالی معاوضہ (ب) جسمانی معاوضہ (ج) معاوضہ بالشی (د) معاوضہ بالاعضاء

(۱۳) علم ادویہ سازی (Pharmacology) میں کس سائنس دان و ماہر طب نے اپنی کتاب میں 1400 سے زائد طبی ادویات کا ذکر کیا ہے؟

(ا) علی بن عباس (ب) ابن البیطار (ج) ابوالقاسم الزہراوی (د) ابوبکر رازی

(۱۴) خلافت راشدہ میں کس کی خلافت کا دورانیہ سب سے زیادہ ہے؟

(ا) حضرت ابوبکرؓ (ب) حضرت عمرؓ (ج) حضرت عثمانؓ (د) حضرت علیؓ

(۱۵) قرآن حکیم کا نزول کتنے برسوں میں ہوا؟

(ا) ۱۰ سال (ب) ۱۲ سال (ج) ۲۰ سال (د) ۲۳ سال

(۱۶) "نظریہ قدر زائد" کس معیشت دان نے متعارف کرایا ہے؟

(ا) الغزالی (ب) کارل مارکس (ج) آدم سمتھ (د) الفریڈ مارشل

(۱۷) دو خداؤں کا تصور کس مذہب میں ہے؟

(ا) ہندومت (ب) بدھ مت (ج) جین مت (د) زرتشت

(۱۸) سیرت النبی کی معروف کتاب رحمۃ اللعالمین کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(ا) شبلی نعمانی (ب) سید سلیمان ندوی (ج) قاضی سلیمان منصور پوری (د) صفی الرحمٰن مبارک پوری

(۱۹) "المنقذ من الضلال" یہ کتاب کس شخصیت نے لکھی ہے:

(ا) امام شافعی (ب) امام ابن تیمیہ (ج) امام غزالی (د) امام شاہ ولی اللہ

(۲۰) کس مسلمان سائنسدان نے دوران خون کا نظام دریافت کیا؟

(ا) ابن سینا (ب) ابن نفیس (ج) ابن البیطار (د) یعقوب الکندی